ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

آر بی آئی/2019-2020/172 16 مارچ 2020

ڈی او ایس ۔سی او۔ پی پی جی۔ بی سی/2019-2020/01.11.01.005

دی چیئرمین/ منیجنگ ڈائریکٹر/سی ای او

سبھی شیڈولڈ کمرشیل بینکیں (آر آر بی کے علاوہ)

سبھی مقامی علاقائی بینکیں

سبھی اسمال فائنینس بینکیں اور

سبھی پیمنٹ بینکیں/سبھی یو سی بی ز/این بی ایف سی ز

محترم/محترمہ!

کووڈ۔19۔تجارت میں تسلسل اور کام سے متعلق اقدامات

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ عالمی صحت تنظیم (ڈبلیو ایچ او) نے کورونا وائرس بیماری (کووڈ 19) جو اس وقت دنیا میں پھوٹ پڑی ہے کو ایک مہلک وبا (مہاماری) مانا ہے۔ یہ اس بات کا اشارہ ہے کہ یہ انسان سے انسان کو ہوتی ہوئی دنیا کے بہت سے مما لک میں پھیل رہی ہے، یہ یقین سے نہیں کہا جا سکتا ہے اس کے اثرات کتنی دور تک جائیں گے اور عالمی معیشت کو کتنا نقصان پہونچے گا۔ ہندوستان میں بھی بہت سے معاملہ اور اثرات اس وبا کے دکھائی دینے لگے ہیں۔ لہٰذا ضرورت ہے کہ ہم سب مل کر اس خطرناک حالات سے نپٹنے اور ہندوستانی مالیاتی نظام کو بچانے کے لئے آپس میں تعاون کریں۔

2. حالانکہ بھارت سرکار ریاستی سرکاروں کے ساتھ مل کر اس بیماری کے پھیلاؤ اور اس کو روکنے کے لئے بہت سے قدم اٹھا رہی ہے۔ ہمیں بھی اپنی بینکوں اور مالیاتی اداروں کو اس مہاماری سے بچانے و اس کی روک تھام کے لئے بہت سے مندرجہ ذیل اقدامات کرنا ہیں تا کہ ان کی بزنس میں تسلسل برقرار رہے اور ان کے آپریشنل کام بدستور جاری رہیں۔

(a) ہمیں ان مالیاتی اداروں/بینکوں میں اس بیماری کو مزید پھیلنے اور اس کی روک تھام کے لئے نگرانی کے طریقۂ کار اور مختلف تدابیر اپنانا ہے۔ متاثرہ ایمپلائز کی پہچان کرنا اور ان کے ٹریول پلان پر نظر رکھنا، قرنطینہ کی ضرورت اور اسٹاف و عوام میں اس کی دہشت نہ پھیلے اس کا خیال رکھنا ہے۔

(b) اس ابھرتے ہوئے ماحول میں بینکنگ سروسیز متاثر نہ ہوں اور ان میں تسلسل برقرار رہے اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں احتیاطی اقدامات کرنا ہیں تا کہ متاثرہ اسٹاف دوسروں کو اس مہاماری کی چپیٹ میں نہ لے آئے۔ ایسے ممبر کو چھٹی دینا ہے کم سے کم اسٹاف کو آفس میں حاضری کے لئے بلایا جائے۔

(c) سبھی لیول پر اسٹاف ممبرس کے ساتھ اہم ہدایات/اسٹریٹجی کو آپس میں بانٹنا ہے (شیئر کرنا)۔ اسٹاف و آنے والے صارفین کو

سینیٹا ئز کرنا۔لین دین میں دوری بنائے رکھنا، دستانہ پہننا اور مشکوک معاملات میں بہت احتیاط برتنا ہے اور صحت سے متعلق آفیسرس کی طرف جاری ہدایت پر پوری طرح سے عمل کرنا ہے۔

(d) اپنے کسٹمرس کو ڈیجیٹل بینکنگ سہولیات کے استعمال کے لئے ان کی حوصلہ افزائی کرنا۔

3. مندرجہ بالا قدم اٹھانے کے باوجود ہمیں اپنی بزنس کی حفاظت کے لئے بھی کچھ طریقہ اپنانا ہیں۔نگرانی شدہ انٹیٹیز (ادارے) کو اپنی بیلنس شیٹ پر پڑنے والے اثرات، اسیٹ کوالٹی، لیکویڈٹی وغیرہ پر بھی دھیان دینا ہے ان حالات میں جب کووڈ 19 کا پھیلاؤ تیزی سے ہو رہا ہے اور ہمارا ملک اپنی گرتی ہوئی معیشت کے لئے فکر مند ہے۔اس وقت پوری دنیا کی معیشت اور عالمگیر معاشی نظام گڑ بڑایا ہوا ہے۔ان مندرجہ بالا حالات کو ذہن میں رکھتے ہوئے فوری ہنگامی قدم اٹھائیں ان خطرات کا سامنا کرنے کے لئے اور ہم کو بھی باخبر کریں۔

4. ان حالات پر نزدیک سے پینی نظر رکھتے ہوئے اپنی بزنس اور سماجی تناظر میں ایک فوری ایکشن لینے والی ٹیم کی تشکیل کی جاسکتی ہے اس ٹیم کا کام ہوگا حالات حاضرہ پر نظر رکھتے ہوئے ٹاپ مینجمنٹ کو باخبر کرتے رہنا ہے تا کہ ریگولیٹرس/ایجنسیوں کو ایک سے قدم اٹھانے میں آسانی ہو۔

آپ کا مخلص

(اجے کمار چودھری)

چیف جنرل منیجر